Noble Quran القُرآن الحَکِیمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) حضرت شاہ عبدِالقادر)) اردو ترجمہ بمعہ عربی

سورۃ الملک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

.1	بڑی برکت ہے اس کی (ذات) جس کے ہاتھ میں ہے راج (بادشاہی) اور وہ سب چیز کر سکتا (پر قادر) ہے۔
.2	جس نے بنایا مرنا اور جینا کہ تم کو جانچے (آزمائے)، کون تم میں اچھا کرتا ہے کام۔ اور وہ زبردست ہے بخشنے والا۔
.3	جس نے بنائے سات آسمان تہہ بر تہہ۔ کیا دیکھتا ہے رحمٰن کے بنائے میں کچھ فرق؟ پھر دُہرا کر نگاہ کر کہیں دیکھتا ہے دراڑ،
.4	پھر دہرا کر نگاہ کر، دو دو بار اُلٹی آئے تیرے پاس تیری نگاہ رد ہو کر تھک کر۔
.5	اور ہم نے رونق دی ورلے (قریبی) آسمان کو چراغوں سے اور ان سے رکھی پھینک مار شیطانوں کی، اور رکھی ہے ان کو مار دہکتی آگ کی۔
.6	اور جو منکر ہوئے اپنے رب سے، ان کو ہے مار (عذاب) دوزخ کی۔ اور بُری جگہ پہنچے۔

.7	جب اس میں ڈالے جائیں سُنیں اس کا دھاڑنا، اور وہ اچھلتی (جوش کھا رہی) ہے،
.8	ابھی لگتا ہے کہ پھٹ پڑے جوش سے۔ جس بار پڑا اس میں ایک دَل (گروہ)، پوچھا ان سے اس کے داروغوں نے، کیا نہ پہنچا تم کو کوئی ڈر سنانے والا۔
.9	وہ بولے کیوں نہیں ہم پاس پہنچا تھا ڈر سنانے والا۔ پھر ہم نے (اسے) جھٹلایا، اور کہا کوئی نہیں اتاری اللہ نے کچھ چیز۔ تم پڑے ہو بڑے بہکاوے (گمراہی) میں۔
.10	اور بولے، اگر ہم ہوتے سنتے یا بوجھتے، نہ ہوتے دوزخ والوں میں۔
.11	سو قائل ہوئے اپنے گناہ کے۔ اب دفع ہوں دوزخ والے۔
.12	جو لوگ ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے ان کو معافی ہے اور نیگ (اجر) بڑا۔
.13	اور تم چھپی کہو اپنی بات یا کھول کر۔ وہ جانتا ہے جیوں (دلوں) کے بھید۔
.14	بھلا وہ (ہی) نہ جانے جس نے بنایا؟ اور وہی ہے بھید جانتا خبردار۔
.15	وہی (تو) ہے جس نے کیا تمہارے آگے زمین کو پست، اب پھرو اس کے کندھوں پر اور کھاؤ کچھ روزی دی اس (اللہ) کی۔ اور اسی کی طرف جی (دوبارہ) اٹھنا ہے۔
.16	کیا نڈر (بے خوف) ہوئے اس سے، جو آسمان میں ہے کہ دھنسا دے تم کو زمین میں، پھر دیکھو وہ لرزتی ہے؟
.17	یا نڈر (بے خوف) ہوئے ہو اس سے جو آسمان میں ہے کہ چھوڑ دے تم پر پھتراؤ باؤ (ہوا) کا؟ سو اب جانو گے، کیسا ہے میرا ڈر کا (تنبیہ)!

.18	اور جھٹلا چکے ہیں جو ان سے پہلے تھے، پھر کیسا ہوا میرا ابگاڑ (عذاب)؟
.19	اور کیا نہیں دیکھے اڑتے جانور اپنے اوپر پر کھولے اور جھپکتے؟ ان کو کوئی نہیں تھام رہا، رحمٰن کے سوا۔ اس کی نگاہ میں ہے ہر چیز۔
.20	بھلا وہ کون ہے جو فوج ہے تمہاری مدد کرے گی تمہاری رحمٰن کے سوا؟ منکر پڑے ہیں نرے بہکاوے میں۔
.21	بھلا وہ کون ہے جو روزی دیگا تم کو، اگر وہ (رحمٰن) رکھ چھوڑے اپنی روزی؟ کوئی نہیں! پر اڑ رہے ہیں شرارت اور بدکنے پر،
.22	بھلا ایک جو چلے اوندھا اپنے منہ پر، وہ سیدھی راہ پائے یا وہ جو چلے سیدھا ایک سیدھی راہ پر؟
.23	تو کہہ، وہی ہے جس نے تم کو نکال کھڑا (پیدا) کیا، اور بنا دیئے تم کو کان اور آنکھیں اور دل۔ تم تھوڑا حق مانتے (شکر گزار ہوتے) ہو۔
.24	تو کہہ وہی ہے جس نے کھنڈایا (پھیلایا) تم کو زمین میں، اور اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے۔
.25	اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر تم سچے ہو؟
.26	تو کہہ، خبر تو ہے اللہ ہی پاس۔ اور میں تو یہی ڈر سنانے والا ہوں کھول کر۔
.27	پھر جب دیکھیں گے وہ پاس آلگا، بُرے بن جائیں گے منہ منکروں کے اور کہے گا یہی ہے جسکو تم مانگتے تھے۔
.28	تو کہہ، بھلا دیکھو تو! اگر کھپا (ہلاک کر) دے مجھ کو اللہ، اور میرے ساتھ والوں کو، یا ہم پر مہر (رحم) کرے، پھر کون ہے جو بچائے منکروں کو دُکھ کی مار سے؟

.29	تو کہہ وہی رحمٰن ہے، ہم نے اس کو مانا اور اسی پر بھروسہ کیا۔ سو اب جان لوگے، کون پڑا ہے صریح بہکاوے (گمراہی) میں؟
.30	تو کہہ، بھلا دیکھو تو! اگر ہو رہے صبح کو پانی تمہارا خشک پھر کون ہے جو لائے تم کو پانی نتھرا (صاف)؟ **********

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com